- Assess the relevance and appropriateness of various research methods to specific research questions
- Understand the links between social sciences research

CamScanner

**INFM-6430** **Information Literacy** **3(3-0)**

## DESCRIPTION & OBJECTIVES

This course is intended for development of students' understandings of the information world and for the efficient, effective, and confident seeking and use of information they need in difference contexts especially in an academic setting. After having this course, the students will be able to gain a

- Familiarity with varying IL conceptions, models, standards, and frameworks
- Development of a general and subject-specific understanding of digital information landscape.
- Understanding the ethical, socio-economic, and legal issues surrounding information access and use.
- Understanding the nature of information Search/Seeking Process and adoption of appropriate info behavior
- Ability for where and how to find information they need.

## COURSE CONTENTS

Defining information literacy (IL); Various conceptions; Other related literacies; Elements of information literacy; Need and importance; Role in life-long learning, academic engagement and performance; Information literacy contexts: academia, workplace, and everyday life; Models of information literacy: Big6™, Information Search Process, ELIS Model of Info-seeking, Seven Pillars, and Empowering 8; IL competency standards; IL framework for higher education; Library and Information Anxiety; Online Databases: General (Web of Science, Scopus, Google Scholar, etc.) and Subject specific databases; Searching Techniques, Search Strategy Development; Citation Management using a Computer Software; Hands on Training for searching online databases; Academic Integrity and Honesty; Plagiarism Avoidance Techniques; HEC Plagiarism Policy; Use of AI Tools in Learning and Research.

## READINGS


1. Eisenberg, M. B., Lowe, C. A, & Spitzer, K. L. (2004). Information literacy: Essential skills for the information age. 2nd ed. London: Libraries unlimited.
2. ALA (2000). ACRL Information Literacy Competency Standards for Higher Education. Chicago: ACRL.
3. ACRL (2016). Framework for Information Literacy for Higher Education.
4. Ariew, S. A. (2014). Information Literacy at the Crossroads: The Convergence between the Research and the Writing Processes.
5. Milena Dobreva, (2010) "Information Literacy at the Crossroad of Education and Information Policies in Europe", Library Review, Vol. 59 Issue: 8, pp.638-639.
6. Basili, C. (Ed.). (2008). *Information Literacy at the crossroad of Education and Information Policies in Europe*. Consiglio Nazionale delle Ricerche. Chapter 1 and 2.
7. Jesús Lau (2006). Guidelines on information literacy for lifelong learning. Mexico: IL section, IFLA.
8. ACRL (2011). Guidelines for Instruction Programs in Academic Libraries.
9. ACRL (2012). Characteristics of Programs of Information Literacy that Illustrate Best Practices: A Guideline.
10. Naveed, M. A., & Rafique, F. (2018). Information Literacy in the Workplace: A Case of Scientists from Pakistan. *Libri*, *68*(3), 247-257.
11. Naveed, M. A., & Anwar, M. A. (2019). Development of information literacy in Pakistan: Background and research. *Pakistan Library and Information Science Journal,* 50(2).


CS CamScanner

**URDU-6123** | **Internship** | **3(3-0)**

یہ کورس عملی ہے۔ سمیسٹر خزاں (Fall) میں داخل ہونے والے طلبا و طالبات ششم ($6^{th}$) سمیسٹر اور سمیسٹر بہار (Spring) میں داخل ہونے والے طلبا و طالبات پنجم ($5^{th}$) سمیسٹر کے اختتام پہ کسی بھی طرح کی انٹرن شپ مکمل کریں گے۔ اس کی نگرانی شعبہ اور مجوزہ اساتذہ کریں گے۔ تسلی بخش تکمیل کے بعد اساتذہ اور شعبہ کی رپورٹ پر طالب علموں کی مارکنگ کی جائے گی۔

زبان کے سائنسی مطالعہ اور اس کے تجزیاتی اور اصولی مباحث کو سمجھنے کے لیے قواعد کی ضرورت اور اہمیت سے انکار نہیں کیا جا سکتا۔ اردو ہمارے روزمرہ کی زبان سہی، تاہم اس کے قواعد و ضوابط کو سمجھنا بھی نہایت ضروری ہے۔ زبان و ادب کا طالب علم اُس وقت تک اچھا تخلیق کار، نقاد، محقق، حتیٰ کہ ایک اچھا قاری بھی نہیں بن سکتا، جب تک وہ زبان کے قواعد سے کماحقہ آگاہ نہ ہو، چنانچہ بی ایس اردو کے لیے اردو قواعد کے پرچے کا مقصد طلبہ و طالبات کو قواعد اردو اور اردو رسم الخط کے بنیادی ضوابط سے روشناس کرانا ہے۔ علم ہجا، حروفِ تہجی، اعراب، تلفظ اور املا کے مسائل پر بات کی جائے گی؛ کلمہ کی ساخت، مفرد، ترکیبی اور امتزاجی کلمات کے علاوہ اسم، فعل، ضمیر، صفت، تمیز اور جملہ کی بلحاظ ساخت، نوعیت اور املالہ جیسی اقسام پر بحث کی جائے گی

**1۔ قواعد:**

نفسِ مضمون، ضرورت و اہمیت

قواعد کی قسمیں

اردو قواعد کا ارتقا

قواعد کے شعبے: صرف و نحو

**صرف:**

اسم، ضمیر، صفت، فعل، متعلق فعل، حرف۔ تعارفی مطالعہ

**نحو:**

مرکب ناقص، مرکب تام، اقسام مرکب ناقص

جملہ اور اجزائے جملہ

**جملہ کی اقسام**

بلحاظ معنی: خبریہ، انشائیہ

بلحاظ نوعیت فعل: اسمیہ، فعلیہ

**بنیادی متن:**

**مولوی عبد الحق- قواعد اردو**

**مجوزہ کتب**


فتح محمد جالندھری- مصباح القواعد

ڈاکٹر ابواللیث صدیقی- جامع القواعد (حصہ اوّل)

ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خان- جامع القواعد (حصہ دوم)

امانت اللہ شیدا- صرفِ اردو (مرتبہ ڈاکٹر غلام عباس)

ڈاکٹر سہیل عباس خان- بنیادی اردو قواعد

ڈاکٹر عفت جاوید- نئی اردو قواعد




CamScanner

**URDU-6114** **Classical Urdu Ghazal** **3(3-0)**

## کلاسیکی اردو غزل

کلاسیکی غزل کی مبادیات، موضوعات اور فنی خصائص کا مطالعہ کیا جائے گا۔ غزل کے اظہاری قرینوں اور موضوعاتی تنوعات کو سماجی، سیاسی معاشی اور تہذیبی تناظر میں واضح کیا جائے گا۔ کلاسیکی غزل کی روایت کو پندرہویں صدی، سولہویں اور سترہویں صدی کی دکنی غزل، اٹھارویں اور انیسویں صدی کی دلی اور لکھنوی غزل کے رجحانات، امکانات اور تجربات کو زیر بحث لایا جائے گا۔ کلاسیکی غزل کے خصوصی مطالعے میں ولی دکنی، میر درد، میر تقی میر، غلام ہمدانی مصحفی، حیدر علی آتش، مرزا غالب، مومن خاں مومن، اور داغ دہلوی کی فکری و فنی انفرادیت کو سامنے لایا جائے گا۔ کلاسیکی اور جدید غزل کے امتیازات نمایاں کیے جائیں گے۔ اس طرح طلبہ کلاسیکی غزل کی بہتر تفہیم اور تجزیے کے قابل ہو سکیں گے۔

| | | |
|---|---|---|
| 1۔ | غزل | عمومی، ہیئتی و فکری تعارف |
| 2۔ | کلاسیکی غزل | روایت فکری و فنی مطالعہ (سترھویں صدی سے بیسویں صدی کے آغاز تک) |
| 3۔ | دکنی غزل کی روایت | تخصیصی مطالعہ: ولی دکنی |
| 4۔ | دہلوی غزل کی روایت | تخصیصی مطالعہ: خواجہ میر درد، مومن خان مومن، مرزا داغ دہلوی |
| 5۔ | لکھنوی غزل کی روایت | تخصیصی مطالعہ: شیخ غلام ہمدانی مصحفی، خواجہ حیدر علی آتش |

**بنیادی متن:**

| | |
|---|---|
| ولی دکنی | تجھ لب کی صفت لعلِ بدخشاں سوں کہوں گا |
| ولی دکنی | جسے عشق کا تیر کاری لگے |
| خواجہ میر درد | مدرسہ یا دیر تھا، کعبہ یا بت خانہ تھا |
| خواجہ میر درد | تہمتِ چند اپنے ذمے دھر چلے |
| مومن خان مومن | رنج راحت فزا نہیں ہوتا |
| مومن خان مومن | وہ جو ہم میں تم میں قرار تھا، تمھیں یاد ہو کہ نہ یاد ہو |
| میرزا داغ دہلوی | تمھارے خط میں نیا اک سلام کس کا تھا |
| میرزا داغ دہلوی | لطف وہ عشق میں پائے ہیں کہ جی جانتا ہے |
| شیخ غلام ہمدانی مصحفی | رات پردے سے ذرا منہ جو کسو کا نکلا |
| شیخ غلام ہمدانی مصحفی | گھر میں باشندے تو اک ناز میں مر جاتے ہیں |
| خواجہ حیدر علی آتش | حباب آسا میں دم بھرتا ہوں تیری آشنائی کا |
| خواجہ حیدر علی آتش | یہ آرزو تھی تجھے گل کے روبرو کرتے |

**مجوزہ کتب:**


ڈاکٹر غلام حسین ذوالفقار- اردو شاعری کا سیاسی و سماجی پس منظر

ڈاکٹر ابواللیث صدیقی- اردو شاعری کا سیاسی و تاریخی پس منظر

ڈاکٹر ابواللیث صدیقی- لکھنو کا دبستانِ شاعری

ور الحسن ہاشمی- دہلی کا دبستانِ شاعری

ڈاکٹر سید عبداللہ- ولی سے اقبال تک

ڈاکٹر یوسف حسین خاں- اردو غزل

ڈاکٹر وزیر آغا- اردو شاعری کا مزاج

ڈاکٹر جمیل جالبی- میر محمد تقی


CamScanner

نورالحسن نقوی- مصحفی: حیات اور شاعری

ڈاکٹر سید عامر سہیل-اردو کے نمائندہ کلاسیکی غزل گو

فراق گورکھپوری-اردو غزل گوئی

ایم حبیب خان-کلاسیکی شعرا پر تنقیدی مقالات

پنجاب یونیورسٹی، لاہور-تاریخ ادبیات مسلمانان پاک وہند

ڈاکٹر سعد اللہ کلیم-اردو غزل کی تہذیبی و فکری بنیادیں

خواجہ منظور حسین-اردو غزل کا خارجی روپ بہروپ

CamScanner

**URDU-6124** **Iqbal Study-I (Biographical and Poetic Study)** **3(3-0)**

**مطالعہ اقبال-اول (سوانحی وشعری مطالعہ)**

اردو شعر وادب کی روایت کا مطالعہ کیا جائے تو دکنی عہد سے بیسویں صدی تک کے شعری اور نثری ادب کو مختلف زمانوں کی ترتیب سے پڑھا اور سمجھا جاتا ہے۔ مگر جب اقبال کی بات ہوتی ہے تو اس کی شاعری کو روایت کے کسی خاص دائرے میں شامل نہیں کیا جا سکتا۔ یہ حقیقت ہے کہ حکیم الامت علامہ محمد اقبال خود ایک روایت کے موجد اور خاتم ہیں جس میں شاعری بھی ہے اور نثر بھی۔ زیرِ نظر کورس میں علامہ اقبال کے فکری نظام کو سمجھنے کی کوشش کی جائے گی، چنانچہ ان کے تصورِ خودی و بے خودی، تصورِ مردِ مومن، تصورِ قومیت وملت، تصورِ عشقِ رسول پر تفصیلی گفتگو کے مواقع فراہم کیے جائیں گے۔ ان تصورات کی تفہیم کے لیے اقبال کی چند طویل نظموں 'شمع وشاعر'، 'مسجدِ قرطبہ'، 'ذوق وشوق' اور 'ابلیس کی مجلسِ شوریٰ' کا فکری وفنی تجزیہ کیا جائے گا اور اس سلسلے میں پروفیسر اسلوب احمد انصاری، رفیع الدین ہاشمی اور دیگر ماہرین اقبال کے تجزیات سے استفادہ کیا جائے گا۔ اقبالیاتی کاوشوں کو سمجھنے کے لیے خلیفہ عبدالحکیم، محمد منور، یوسف حسین خان، جابر علی سید اور رفیع الدین ہاشمی کے کاوشوں کا جائزہ لیا جائے گا۔

1. سوانحِ اقبال
2. تصنیفاتِ اقبال

اقبال کے عہد کا نو آبادیاتی تناظر اور اردو شاعری

اقبال کی غزل کا ارتقائی جائزہ

اقبال کی منتخب نظموں کا خصوصی مطالعہ

۱۔ شکوہ ۲۔ جواب شکوہ ۳۔ مسجد قرطبہ ۴۔ خضرراہ ۵۔ ابلیس کی مجلسِ شوریٰ

**بنیادی متن:**

**اقبال اکادمی لاہور-کلیاتِ اقبال**

**مجوزہ کتب:**

جابر علی سید-اقبال کا فنی ارتقا

ڈاکٹر افتخار احمد صدیقی-عروجِ اقبال

سید عابد علی عابد-شعرِ اقبال

ڈاکٹر صدیق جاوید-اقبال نئی تفہیم

ڈاکٹر رفیع الدین ہاشمی (مرتب)-اقبال بحثیت شاعر

ڈاکٹر رفیع الدین ہاشمی-اقبال کی طویل نظمیں

ڈاکٹر فرمان فتح پوری-اقبال سب کے لیے

ڈاکٹر یوسف حسین-روحِ اقبال

ڈاکٹر خالد ندیم-آپ بیتی علامہ اقبال

اقبال اکادمی پاکستان-کلیاتِ اقبال اردو

CamScanner

**URDU-6125** **Modern Urdu Poem (20th Century)** **3(3-0)**

**جدید اردو نظم (بیسویں صدی)**

1-جدید نظم کے فکری اور تشکیلی عناصر

2-جدید اردو نظم اور موضوعاتی تنوع کی روایت

3-جدید اردو نظم کا اسلوبیاتی اور ہیتی تناظر

4- تخصیصی مطالعات-:

1- جدت اور کلاسیکیت کا سنگم:- میرا جی/ضیاء جالندھری

2-جذبے اور رومان کی محفل آرائی:- فیض احمد فیض/منیر نیازی

3-ترقی پسندی نظمیہ:-ساحر لدھیانوی/اختر حسین جعفری

4-مزاحمت اور جدید فرد کی تنہائی کا تخلیقی اظہار:- ن م راشد/مجید امجد

5-لسانی تجربات:-افتخار جالب/عبدالرشید

**بنیادی متن:**

**کلیات میراجی، کلیات ضیاجالندھری، نسخہ ہائے وفا، کلیات منیر نیازی، تلخیاں ساحر لدھیانوی، جہاں دریا اترتا ہے، اختر حسین جعفری، کلیات ن-م-راشد**

**مجوزہ کتب-:**

ڈاکٹر تبسم کاشمیری- لا= راشد

ڈاکٹر جمیل جالبی-میرا جی ایک مطالعہ

سلیم احمد-نئی نظم اور پورا آدمی

وزیر آغا-نظم جدید کی کروٹیں

ڈاکٹر سعادت سعید- راشد اور ثقافتی مغائرت

ڈاکٹر آفتاب احمد- فیض: شخص اور شاعر

جیلانی کامران- نئی نظم کے تقاضے

محمد فخرالحق، نوری-نثری نظم

ڈاکٹر عمران ازفر-نئی نظم نئی تخلیقی جہت (نظمیہ تمثال)

ڈاکٹر سمیرا اعجاز-منیر نیازی: شخص اور شاعر

ڈاکٹر سید عامر سہیل- مجید امجد نقشِ گرِ ناتمام

طارق ہاشمی-جدید نظم اور معاصر انسان

انیس ناگی-تنقید شعر

شمیم حنفی-جدیدیت اور نئی شاعری

افتخار جالب-لسانی تشکیلات اور قدیم بنجر

افتخار جالب-مرتب۔ نئی شاعری (ایک تنقیدی مطالعہ)

CamScanner

**URDU-6126** **Urdu Short Story** **3(3-0)**

## اردو افسانہ

اردو فکشن میں سب سے مقبول صنف افسانہ ہے۔ اس کورس کا مقصد طلبہ وطالبات میں افسانے کی تفہیم پیدا کرنا، انھیں اردو افسانے کے اہم رجحانات اور بہترین افسانہ نگاروں سے متعارف کروانا اور ان کے اندر افسانے کا تجزیہ کرنے کی صلاحیت پیدا کرنا ہے۔ ان مقاصد کو حاصل کرنے کے لیے سب سے پہلے فکشن کی مبادیات کی تشریح کی جائے گی۔ بعد ازاں مختلف افسانوں متون کی مدد سے طلبہ وطالبات کو افسانے کے موضوع اور فنی امتیازات پہچاننے اور ان کا تجزیہ کرنے کی عملی مشقیں کروائی جائیں گی۔ مرکوز قرات( Close Reading) اور تشکیلی(Constructionist) طریقہ کار کی مدد سے یہ مقاصد حاصل کیے جائیں گے۔ اس کورس میں رومانی، ترقی پسندانہ، حقیقت پسندانہ، سماجی نفسیات، علامتی واساطیری، نسائی اور جدید افسانے کی ذیل میں سجاد حیدر یلدرم، اشفاق احمد، پریم چند، احمد ندیم قاسمی، سعادت حسن منٹو، راجندر سنگھ بیدی، غلام عباس، انتظار حسین، ہاجرہ مسرور، خالدہ حسین، رشید امجد، نیر مسعود اور اسد محمد خاں کے افسانوں کا تجزیاتی مطالعہ کیا جائے گا۔

افسانہ کا فن۔

افسانہ۔ بنیادی مباحث

اردو افسانے کا آغاز وارتقا

اردو کا رومانوی افسانہ

خارستان وگلستان از سجاد حیدر یلدرم -رات بیت رہی ہے از اشفاق احمد

ترقی پسند اردو افسانہ

کفن از پریم چند۔ بڑی سرکار کے نام از احمد ندیم قاسمی

اردو افسانہ اور حقیقت نگاری

سعادت حسن منٹو۔ باسط۔ ٹوبہ ٹیک سنگھ

اردو افسانہ اور سماجی نفسیات

گرم کوٹ از راجندر سنگھ بیدی۔ آنندی از غلام عباس

اردو کا علامتی واساطیری افسانہ

آخری آدمی از انتظار حسین۔ گملے میں اگا ہوا شہر از رشید امجد

اردو افسانے کی نسائی آوازیں

چراغ کی لو از ہاجرہ مسرور۔ سواری از خالدہ حسین

اردو کا جدید اور مابعد جدید افسانہ

باسودے کی مریم از اسد محمد خان طاوس چمن کی مینا از نیر مسعود

نوٹ۔80 فی صد متن کی تدریس لازم ہے۔

**بنیادی متن:**

**تمام افسانوں کا متن بہ طور ٹیکسٹ شامل ہوگا۔**

**مجوزہ کتب**

عبدالقادر سروری-اصول افسانہ نگاری

عبدالقادر سروری۔ دنیائے افسانہ

ڈاکٹر مرزا حامد بیگ-اردو افسانے کی روایت (1903 تا 2009

ڈاکٹر انوار احمد-اردو افسانہ ایک صدی کا قصہ

ممتاز شیریں۔ منٹو۔نوری نہ ناری

ڈاکٹر سلیم آغا قزلباش-جدید اردو افسانے کے رجحانات

پروفیسر قمر رئیس-پریم چند ایک مطالعہ

گوپی چند نارنگ-اردو افسانہ روایت اور مسائل

نیر مسعود-افسانے کی تلاش

ڈاکٹر محمد عالم خان-اردو افسانے میں رومانی رجحانات

صبا اکرام-جدید افسانہ۔چند صورتیں

ڈاکٹر قاضی عابد-اردو افسانہ اور اساطیر

وارث علوی- راجندر سنگھ بیدی ایک مطالعہ

ایم خالد فیاض۔غلام عباس ایک مطالعہ

ڈاکٹر طاہرہ اقبال-پاکستانی اردو افسانہ۔سیاسی و تاریخی تناظر میں

ایم خالد فیاض-متن، قرات، نتائج

محمد ابو بکر(مرتبہ)-افسانے کے مباحث

منٹو نمبر-انگارے (ملتان)

Chairman
Department ...
University ...

CS CamScanner

**URDU-6127** | **Urdu Fiction in 21st Century** | **3(3-0)**

## اکیسویں صدی میں اردو فکشن

اکیسویں صدی اپنا ایک چوتھائی گذار چکی ہے۔ یہ عرصہ کسی طرح بھی کسی اہل صدی سے کم نہیں بیتا۔ حالات وواقعات کی رفتار جوں جوں تیز ہو رہی ہے توں توں گنجلک اور پیچیدہ تر بھی۔ اس زمانے میں علمی وادبی دنیا پر عالمگیریت اور عالمی سیاست نے کئی اثرات چھوڑے ہیں۔ اردو کے ادیب جہاں عالمی صورتحال سے جڑے ہوئے ہیں وہیں پر ایک رویہ اپنی دھرتی، مقامیت اور ماضی کے ساتھ رشتوں کی استواری کا بھی ملتا ہے۔ مگر یہ استواری ایک جدید ذہن اور جدید دنیا کے باشعور قلم کار کی ہے۔ اکیسویں صدی کے اس دورانیے میں اردو ناول اور افسانے نے کئی نئے در وا کیے ہیں۔ عالمی ادبی رویئوں کے ساتھ ساتھ مقامی اور مابعد نو آبادیاتی دریافت بھی کہانی کاروں کے لاشعور میں موجود ہے۔ اس تناظر میں اس زمانے کے اردو فکشن کا مطالعہ نہایت اہم ہے۔ اسی بنیاد پر اکیسویں صدی کے اردو فکشن کی روایت کے مطالعے کے ساتھ ساتھ رجحانات اور فن پاروں کے تخصیصی مطالعے بھی شامل کیے گئے ہیں۔ یہ کورس اردو دنیا میں مشعل راہ ثابت ہو گا۔

حصہ اول

اکیسویں صدی کا منظر نامہ۔ سیاسی، معاشی، سماجی، علمی وادبی

اردو دنیا میں اکیسویں صدی کے اہم علمی وادبی مباحث

جدیدیت، مابعد جدیدیت، تانثیت، مابعد نو آبادیات، عالمگیریت مقامیت، دھرتی کے مسائل (آلودگی) ثقافتی دریافت

حصہ دوم

اکیسویں صدی میں اردو ناول کا ارتقا۔ موضوعاتی وفنی جائزہ۔

تخصیصی مطالعات

کئی چاند تھے سر آسماں۔ شمس الرحمان فاروقی

محبت مردہ پھولوں کی سمفنی۔ مظہر السلام

خس وخاشاک زمانے۔ مستنصر حسین تارڑ

حسن کی صورت حال۔۔۔۔۔ خالی جگہیں پر کرو۔ مرزا اطہر بیگ

العاصفہ۔ حسن منظر

حصہ سوم

اکیسویں صدی میں اردو افسانے کا ارتقا۔ موضوعاتی وفنی مطالعہ

اسد محمد خان۔ نربدا

ایک سائیکلو سٹائل وصیت نامہ۔ منشا یاد

نیند کا زرد لباس۔ زاہدہ حنا

سمندر کی چوری۔ آصف فرخی

لیمپ جلانے والے۔ صدیق عالم

تیز بارش میں ہونے والا واقعہ۔ محمد عاصم بٹ

نوٹ۔ دوسرے حصے سے کم از کم تین اور حصہ سوم سے کم از کم پانچ فن پاروں کی تدریس لازم ہے۔

**بنیادی متن:**

**درج بالا تمام متون نصاب کا حصہ ہیں۔**

**مجوزہ کتب:**

ترجمہ محمد عمر میمن -ناول کا فن، میلان کنڈیرا۔

ترجمہ محمد عمر میمن - فن فکشن نگاری، جدل اول تا سوم

اور حان پامک۔ -جدید ناول کا فن۔ ترجمہ ڈاکٹر نعمت الحق

ڈاکٹر شافع قدوائی -فکشن مطالعات۔ پس ساختیاتی تناظر

ڈاکٹر ممتاز احمد خان -اردو ناول کے ہمہ گیر سروکار

روبینہ سلطان - تین نئے ناول نگار

آسیہ نازلی -زاہدہ حنا- تحقیقی و تنقیدی مطالعہ

ڈاکٹر منظہر عباس -اردو ناول جدیدیت کے تناظر میں

سہیل ممتاز خان -اسد محمد خان کی کہانیاں

حمیرا اشفاق -جدید اردو فکشن

اسلم سراج الدین - محمد منشایاد

نیا اردو افسانہ -یاسمین حمیدی

ایم خالد فیاض - متن، قرات، نتائج

ادبیات۔ ناول نمبر۔ اکادمی ادبیات پاکستان

آبشار۔ ناول نمبر۔ میانوالی

Chairman
University

CamScanner

**URDU-6128** **Urdu Journalism and Modern Media** **3(3-0)**

**اردو صحافت اور جدید میڈیا**

طلبہ کو صحافت کے بارے میں بنیادی معلومات دی جائیں گی، برصغیر میں صحافت کے آغاز وارتقا اور خصوصاً پاکستان میں اردو صحافت کے ارتقائی مراحل کی تدریس کا عمل ممکن بناتے ہوئے طلبہ میں صحافت کی اہمیت کو اجاگر کیا جائے گا۔ طلبہ کو پرنٹ اور الیکٹرانک میڈیا، منتخب اخبارات ورسائل کے مطالعہ سے ادبی صحافت کے انداز سے متعارف کرایا جائے گا اور صحافت کے ابتدائی اور جدید ذرائع ابلاغ کی جان کاری دی جائے گی۔ صحافت کی مختلف جہتوں (خبر نگاری، اداریہ نویسی، فیچر و کالم نگاری، اشتہار سازی) کے بارے میں آگاہی دی جائے گی، اس کے ساتھ ساتھ طلبہ کو صحافت اور ادب کے باہمی اور لازمی تعلق، بانیانِ اردو صحافت اور اُدبا کی خدمات سے کماحقہ متعارف کروایا جائے گا، تاکہ وہ عملی زندگی میں صحافت کے شعبہ سے وابستہ ہو کر بہتر کام کر سکیں۔

1: صحافت کی تعریف واقسام

2: صحافت: پس منظر آغاز وارتقاء

ا۔ برصغیر میں اردو صحافت کا آغاز وارتقاء

ب۔ پاکستانی صحافت۔ تعارف اور ارتقا

3:صحافت کے اجزا: خبر، کالم، اداریہ، فیچر، رپورتاژ، اشتہار

4:اردو کے ابتدائی اور جدید ذرائع ابلاغ

اخبار، مجلات، ریڈیو، ٹیلی ویژن، انٹرنیٹ پر معروف اور مستند صحافیوں کے صفحات

5:اردو صحافت پر ادبی اثرات

صحافت اور اردو ادب کا تعلق، بانیاں اردو صحافت کا درأدباء کا کردار، اردو ادب کی ترویج میں اردو صحافت کا کردار

6:صحافت کے ابتدائی وجدید ذرائع ابلاغ

(اخبارات، مجلات، ریڈیو، ٹیلی ویژن، انٹرنیٹ پر معروف اور مستند صحافیوں کے صفحات)

**بنیادی متن:**

**ڈاکٹر عبدالسلام خورشید- صحافت پاک وہند میں**

**ڈاکٹر طاہر مسعود-اردو صحافت بیسویں صدی میں**

**مشتاق صدف-اردو صحافت (صحافت، تکنیک، تناظر)**

**مجوزہ کتب**

امداد صابری-تاریخ صحافت اردو

ارتضیٰ کریم-اردو صحافت کے دو سو سال

محمد افتخار کھوکھر-تاریخ صحافت

خالد محمود-اردو ادب اور صحافتی ادب

ڈاکٹر عبدالسلام-فن صحافت

ڈاکٹر مسکین علی حجازی-اداریہ نویسی

مہدی حسن- جدید ابلاغ عامہ

Chairman
Department ...
University ...

## URDU-6129 Urdu Linguistics -III (Wrting Pattren of Grammar and Lexicology) 3(3-0)

### اردولسانیات—سوم (قواعد، لغت وفرہنگ نویسی)

لغت نویسی ایک قدیم علم ہے اور مشرقی زبانوں میں بالعموم اس طرف ابتدا ہی سے توجہ دی جاتی رہی ہے۔ ماضی میں عربی، فارسی اور اردو میں بالعموم منظوم لغت لکھی جاتی رہی تھی، البتہ جدید لغت نویسی کا تعلق صنعتی اور سائنسی دور سے ہے۔ اردو لغت نویسی کی تاریخ کے مطالعے سے اندازہ ہوتا ہے کی شروع دور میں لغت نویسی کی طرف مستشرقین نے توجہ کی۔ اردو کی پہلی لغت عبدالواسع ہانسوی نے مرتب کی لیکن اس لسانی کام کو سائنسی بنیادوں پر مختلف ممالک کے مستشرقین نے خاص اہمیت کا حامل عمل ٹھہرایا۔ لغت نویسی کی متنوع لسانی ضرورتوں اور اندراجات کے طریقوں نے لغت نویسی کے تکنیکی ڈھانچے کے مختلف معیارات کو روایت کو مستحکم کیا۔ اس ضمن میں انیسویں اور بیسویں صدی میں مقامی ماہرین السنہ نے خاص توجہ دیا اور اس روایت میں خاطر خواہ اضافے کیے۔ یہ کورس اردو لغت نویسی کی روایت، اصول، معیار اور اندراجات سے متعلق اہم معلومات سے طالب علم کو آگاہ کرے گا۔

زبان کے سائنسی مطالعہ اور اس کے تجزیاتی اور اصولی مباحث کو سمجھنے کے لیے قواعد کی ضرورت اور اہمیت سے انکار نہیں کیا جا سکتا۔ اردو ہمارے روز مرہ کی زبان سہی، تاہم اس کے قواعد وضوابط کو سمجھنا بھی نہایت ضروری ہے۔ زبان وادب کا طالب علم اُس وقت تک اچھا تخلیق کار، نقاد، محقق، حتیٰ کہ ایک اچھا قاری بھی نہیں بن سکتا، جب تک وہ زبان کے قواعد سے کماحقہ آگاہ نہ ہو، چنانچہ بی ایس اردو کے لیے اردو قواعد کے پرچے کا مقصد طلبہ وطالبات کو قواعد اردو اور اردو رسم الخط کے بنیادی ضوابط سے روشناس کرانا ہے۔ علم ہجا، حروفِ تہجی، اعراب، تلفظ اور املا کے مسائل پر بات کی جائے گی؛ کلمہ کی ساخت، مفرد، ترکیبی اور امتزاجی کلمات کے علاوہ اسم، فعل، ضمیر، صفت، تمیز اور جملہ کی بلحاظ ساخت، نوعیت اور املالہ جیسی اقسام پر بحث کی جائے گی۔

حصہ اول- اردو قواعد اور لغات نویسی

۱۔ قواعد اور اس کی اقسام۔ اور اہم قواعد نویس

۲۔ اردو قواعد نویسی کی روایت (۱۹۴۷) تک

۳۔ اردو قواعد نویسی کے مختلف معیارات اور تکنیکس

۴۔ پاکستان میں اردو قواعد نویسی کی روایت اور اہم قواعد نویس

حصہ دوم۔ اردو لغت نویسی

۵۔ لغت نویسی کیا ہے؟ اس کے اصول، اقسام اور محاسن

۶۔ مستشرقین اور اردو قواعد نویسی

۷۔ اردو لغت نویسی اور جدید دور

۸۔ لغات کا تعارف

الف۔ اے ڈکشنری، انگلش اینڈ ہندوستانی از جان گلکرسٹ

ب۔ اردو لغت تاریخی اصولوں پر

**بنیادی متن:**

**سید احمد دہلوی۔ فرہنگ آصفیہ**

**مولوی عبدالحق- قواعد اردو**

**مجوزہ کتب**

ڈاکٹر ابواللیث صدیقی- مقدمہ جامع القواعد (حصہ صرف)

ڈاکٹر غلام عباس گوندل- اردو قواعد کی مطبوعہ کتب کا تحقیقی وتنقیدی جائزہ (تحقیقی مطالعہ)

ڈاکٹر مسعود ہاشمی- اردو لغت نویسی کا تنقیدی جائزہ

وارث سرہندی- (مرتب) کتب لغت کا تحقیقی اور لسانی جائزہ (سات جلدیں)

ڈاکٹر روف پارکھ- علم لغت اصولِ لغت اور لغات

Chairman
Department of Urdu Language & Literature
University of ...

CS CamScanner

Annex- 'B'

URCG-5130

# Model Course Outline
## for the Course Understanding of Quran – II

Course Title: Understanding of Quran – II
Course Book: Mualllim ul Quran (Volume 3, 4 & 5) by Dr Ubaid ur Rahman
Credit Hours: 1 (0-1)
Contact Hours: 3 per week
Weeks: 15-16 (45-48 hours)

**Course Learning Outcomes:**

*By the end of this course, students will be able to:*

1. Directly comprehend hundreds of Quranic sentences & verses.
2. Understand at least 80 to 85 % of each page of the holy Quran.
3. Understand common verses across different Quranic topics.
4. Achieve proficiency in the basic and advance linguistic aspects of the Arabic language.
5. Understand the difference between Quranic verbs in various forms, such as present, past and imperative.
6. Develop the ability to understand long verses of the holy Quran independently and then comprehend their interpretation.

**Provision of material, content and books:**

- Paper Book: All volumes are available in printed book form.
- Tutorial videos: Teaching video of each lesson available on YouTube.
- Confirmation Videos: A complete series of confirmation videos of all lessons is available in which the student can confirm his answers.
- A flipbook: A flipbook edition is also accessible.
- Helping material: Helping material for the teachers like quizzes, question papers and images is available on website.

Course Outline:

| Weeks | Lectures | Units | Lessons | Assignments/Home Task | |
|---|---|---|---|---|---|
| 1. | 1. | 6 | 6 | Understanding & Translation of Verses | Present Tense<br>صیغة جمع مذکر غائب مثل یعبدون |
| | 2. | 6 | 7-8 | Understanding & Translation of Verses | Present Tense<br>صیغة جمع مذکر غائب مثل یعبدون |
| 2. | 1. | 6 | 9-10 | Understanding & Translation of Verses | Present Tense<br>صیغة مفرد مذکر مخاطب (تعبد)<br>وجمع مذکر مخاطب (تعبدون) |
| | 2. | 6 | 11-12 | Understanding & Translation of Verses | Present Tense<br>صیغة جمع مذکر مخاطب (تعبدون) |

Chairman

Scanned with CamScanner

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | صيغة الأمر (أمر) |
| 3. | 1. | 5 | 12 | Understanding & Translation of Verses | Present Tense<br>صيغة جمع المتكلم (أمر) |
| | 2. | 6 | 14-15 | Understanding & Translation of Verses | Negative imperative<br>صيغة المفرد و صيغة الجمع , لا أمر لا أمر |
| 4. | 1. | 5 | 16-17 | Understanding & Translation of Verses | Conditional Sentences & masdar moawal (مصدر مؤول) |
| | 2. | 5 | 18-19 | Understanding & Translation of Verses | Laam ut talel (لام التعليل) &<br>Laam ul jhood(لام الجحود) |
| 5. | 1. | 6 | 20-21 | Understanding & Translation of Verses | Present with object pronouns & Passive Voice |
| | 2. | 6 | Revision (Unit 5) | Quiz | |
| 6. | 1. | Unit 7 | 1 (Sec 1-3) | Understanding & Translation of Verses | Past Tense<br>صيغة المفرد الغائب |
| | 2. | 6 | 1 (Sec 4-5) | Understanding & Translation of Verses | Past Tense<br>صيغة المفرد للغائب |
| 7. | 1. | 6 | 1 (Sec 5-6) | Understanding & Translation of Verses | Past Tense<br>صيغة المفرد الغائب |
| | 2. | 6 | 1 (Sec 7-9) | Understanding & Translation of Verses | Past Tense<br>صيغة المفرد الغائب |
| 8. | 1. | 7 | Revision | Understanding & Translation of Verses QUIZ | Past Tense<br>صيغة المفرد الغائب |
| | 2. | MID TERM | | | |
| 9. | 1. | 7 | 2 (sec 1-2) | Understanding & Translation of Verses | Past Tense<br>صيغة الجمع للغائب مذكرا |
| | 2. | 7 | 2 (sec 3) | Understanding & Translation of Verses | Past Tense<br>صيغة الجمع الغائب مذكرا |
| 10. | 1. | 7 | 2 (sec 4-5) | Understanding & Translation of Verses | Past Tense<br>صيغة الجمع الغائب مؤنثا |
| | 2. | 7 | 2 (sec 6-7) | Understanding & Translation of Verses | Past Tense<br>صيغة الجمع للغائب مؤنثا |
| 11. | 1. | 7 | 3 (sec 1-2) | Understanding & Translation of Verses | Past Tense<br>صيغة الجمع للمتكلم معنا |

Chairman
Department
University

CS Scanned with CamScanner
CamScanner

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| | 2. | 7 | 3 (sec 2-5) | Understanding & Translation of Verses | Past Tense صيغة الجمع للمتكلم جئنا |
| 12. | 1. | 7 | 3 (sec 3-4) | Understanding & Translation of Verses | Past Tense صيغة الجمع للمتكلم جئنا |
| | 2. | 7 | 3 (sec 4-5) | Understanding & Translation of Verses | Past Tense صيغة الجمع للمتكلم جئنا |
| 13. | 1. | 7 | 4 (sec 1-2-3) | Understanding & Translation of Verses | Past Tense صيغة الجمع للمخاطب جئتم |
| | 2. | 7 | 4 (sec 4-5) | Understanding & Translation of Verses | Past Tense صيغة الجمع للمخاطب جئتم |
| 14. | 1. | 7 | 5-6 | Understanding & Translation of Verses Quiz | Past Tense صيغة المتكلم والمخاطب جئتُ ، جئتَ |
| | 2. | 7 | 7 | Understanding & Translation of Verses | Past Tense صيغة للمؤنث الغائب جئتْ |
| 15. | 1. | 7 | 8 | Understanding & Translation of Verses | Passive Voice (Past Tense) فعل مجهول للمفرد |
| | 2. | 7 | 9 | Understanding & Translation of Verses | Passive Voice (Past Tense) فعل مجهول الجمع |
| 16. | 1. | 8 | 1-4 | Understanding & Translation of Verses | Imperative Verb for singular فعل الأمر للمفرد |
| | 2. | 7 | 5-8 | Understanding & Translation of Verses | Imperative Verb for plural فعل الأمر للجمع |

CamScanner

URCG-5132 **Ethics-II** 1(0-1)

Ethics-II URCG-5132 1 (0-1)

**1-Course Description**

The course *Ethics-II* is designed to provide students with a deeper understanding of ethical principles and practices from both Semitic and non-Semitic religions, as well as their application in professional and social contexts. Students will engage with Jewish, Christian, Islamic, Hindu, Buddhist, Sikh, Confucian, and Jain ethical traditions. The course emphasizes moral reasoning, decision-making, tolerance, and peacebuilding. It aims to cultivate an inclusive, humanistic, and holistic approach towards ethical living and interfaith engagement.

**2- Learning Objectives**

The course objectives are to:

1. Understand the fundamental principles and theories of ethics.
2. Introduce the ethical and moral teachings of Judaism, Christianity, Islam, and Hinduism.
3. Explore the ethical teachings of non-Semitic religions such as Buddhism, Sikhism, Confucianism, and Jainism.
4. Develop critical thinking skills to evaluate ethical arguments and theories.
5. Promote ethical leadership and interfaith harmony.

**3- Learning Outcomes**

By the end of this course, students will be able to:

1. Identify and analyze major ethical theories and teachings from world religions.
2. Understand the role of religions in improving moral values and social behavior.
3. Demonstrate ethical decision-making in various personal and professional contexts.
4. Recognize the impact of ethical decisions on individuals, communities, and society.
5. Apply skills of ethical leadership, including communication, conflict resolution, and inclusive engagement.

**4-Course Structure**

1. Interactive lectures, Group discussions and debates
2. Reflection papers and presentations
3. Assignments and Quiz

~~Course Title: Ethics-II (For Non-Muslim Students) Course Code: URGC-5130~~ X

## Course Contents

**Unit 1: Ethical Teachings of Semitic Religions**

- Judaism and its ethical teachings
- Christianity and its ethical teachings
- Islam and its ethical teachings

**Unit 2: Ethical Teachings of Non-Semitic Religions**

- Hinduism and its ethical teachings
- Sikhism and Buddhism: ethical values and practices
- Confucian and Jain ethical traditions

**Unit 3: Professional Ethics**

- Ethics for students and teachers
- Ethics in doctor–patient relationships
- Ethics in trader–customer interactions

**Unit 4: Concept and Significance of Tolerance**

- Definition, need, and importance of tolerance
- Teachings of Semitic religions on tolerance and their contemporary relevance
- Teachings of non-Semitic religions on tolerance and their contemporary relevance

**Unit 5: Foundational Values and Ethics for Peacebuilding in Society**

- Respect for sacred scriptures, personalities, places of worship, and religious symbols
- Promotion of tolerance and broadmindedness
- Encouragement of dialogue and harmony
- Benevolence towards humanity
- Establishment of justice and fairness
- Patience, forbearance, and forgiveness

**Textbook**


- Kidder, R. M. (2009). *How Good People Make Tough Choices: Resolving the Dilemmas of Ethical Living*. Harper.


**Suggested Readings**


1. Barash, D. P., & Webel, C. P. (2014). *Peace and Conflict Studies*. Sage.
2. Smart, N. (1998). *The World's Religions*. Cambridge University Press.
3. Nasr, S. H. (2003). *The Heart of Islam: Enduring Values for Humanity*. HarperOne.
4. Sharma, A. (2006). *Hindu Ethics: Purity, Abortion, and Euthanasia*. SUNY Press.
5. Harvey, P. (2000). *An Introduction to Buddhist Ethics: Foundations, Values and Issues*. Cambridge University Press.
6. Coward, H., & Perkinson, J. (2013). *A Cross-Cultural Dialogue on Ethical Leadership*. Wilfrid Laurier University Press.
7. Confucius. (1998). *The Analects*. Oxford University Press.


CamScanner

**URDU-6115** | **Classical Urdu Poem** | **3(3-0)**

# کلاسیکی اردو نظم

اس کورس میں کلاسیکی نظم کی ہیت، ساخت اور موضوع کا مطالعہ کیا جائے گا۔ نظم کے اظہاری قرینوں اور موضوعاتی تنوعات کو سماجی، سیاسی معاشی اور تہذیبی تناظر میں واضح کیا جائے گا۔ اس کورس کا مقصد طلبہ و طالبات کو اردو نظم کی عہد بہ عہد ان کی صورتِ حال سے روشناس کرانا ہے۔ اردو مثنوی کی روایت میں سحر البیان اور گلزار نسیم کے انفرادیت اجاگر کی جائے گی۔ سودا اور ذوق کی قصیدہ گوئی کی نادرہ کاری اور لفظیاتی شکوہ کو نمایاں کیا جائے گا۔ میر انیس اور مرزا دبیر کی مرثیہ نگاری کا تقابلی مطالعہ، ان کی انفرادی شان کی عقدہ کشائی کرے گا۔ محمد رفیع سودا کے شہر آشوب سے اٹھارویں صدی ہندوستان کی مظہریاتی تعبیر ہوگی۔ نظیر اکبر آبادی کی نظم گوئی میں انسان دوستی اور عوامی آہنگ و لہجے کا مطالعہ کیا جائے گا۔ اس طرح طلبہ کلاسیکی اردو نظم کی عہد بہ عہد روایت اور موضوعاتی اور تکنیکی تنوعات کی تفہیم اور تعبیر کے قابل ہو سکیں گے۔

1۔ نظم: ہیئتی و موضوعاتی تعارف (مثنوی، قصیدہ، ہجو، مسمط، ترکیب بند، ترجیع بند، واسوخت، شہر آشوب، ریختی)

2۔ مثنوی: روایت اور فکری مطالعہ

تخصیصی مطالعہ: سحر البیان، از میر حسن، گلزار نسیم، از پنڈت دیاشنکر نسیم

3۔۔ قصیدہ: روایت، ہیئتی و موضوعاتی تعارف

تخصیصی مطالعہ: مرزا محمد رفیع سودا، محمد ابراہیم ذوق

4۔ مرثیہ: روایت، ہیئتی و موضوعاتی تعارف

تخصیصی مطالعہ: میر ببر علی انیس، میرزا سلامت علی دبیر

5۔۔ شہر آشوب: روایت، ہیئتی و موضوعاتی تعارف

تخصیصی مطالعہ: مرزا محمد رفیع سودا

6۔۔ اردو نظم: روایت، فکری و فنی مطالعہ تخصیصی مطالعہ: نظیر اکبر آبادی

**بنیادی متن:**

**درج بالا تمام متون نصاب کا حصہ ہیں۔**

**مجوزہ کتب:**


ڈاکٹر غلام حسین ذوالفقار – اردو شاعری کا سیاسی و سماجی پس منظر

ڈاکٹر ابواللیث صدیقی – اردو شاعری کا سیاسی و تاریخی پس منظر

علامہ شبلی نعمانی – موازنہ انیس و دبیر

سید عبداللہ، ڈاکٹر – سخنور نئے پرانے

ڈاکٹر ابواللیث صدیقی، – نظیر اکبر آبادی اور ان کا عہد

ابو محمد سحر – اردو میں قصیدہ نگاری

شیخ چاند – سودا

ڈاکٹر تنویر احمد علوی – ذوق: حیات و انتقاد

حامد حسن قادری – مختصر تاریخ مرثیہ گوئی

سید جلال الدین – تاریخ قصائدِ اردو

اثر لکھنوی – انیس کی مرثیہ نگاری

علامہ شبلی نعمانی – موازنہ انیس و دبیر

ڈاکٹر فرمان فتح پوری – اردو شاعری کا فنی ارتقا

ڈاکٹر فرمان فتح پوری – اردو کی بہترین مثنویاں

ڈاکٹر فرمان فتح پوری – میر انیس: حیات اور شاعری

ڈاکٹر گیان چند جین – اردو مثنوی شمالی ہند میں

ڈاکٹر سید مرتضیٰ حسن (مرتبہ) – اردو شہر آشوب: تحقیق و تنقید

"نگار" کراچی – نظیر اکبر آبادی نمبر


CamScanner

**URDU-6130** **Iqbal Study-II (Study of Basic Concepts and Lectures)** **3(3-0)**

**مطالعہ اقبال—دوم (فکریات و خطباتِ اقبال)**

اردو زبان و ادب میں مختلف ادوار زیرِ بحث رہے ہیں، لیکن جب اقبال کا نام آتا ہے تو انھیں کسی دَور میں نہیں، بلکہ خود ایک دَور کی حیثیت سے پیش کیا جاتا ہے۔ زیرِ نظر کورس میں علامہ اقبال کے فکری نظام کو سمجھنے کی کوشش کی جائے گی، چنانچہ ان کے تصورِ خودی و بے خودی، تصورِ مردِ مومن، تصورِ قومیت و ملت، تصورِ عشقِ رسول پر تفصیلی گفتگو کے مواقع فراہم کیے جائیں گے۔ ان تصورات کی تفہیم کے لیے اقبال کی چند طویل نظموں 'شمع و شاعر'، 'مسجدِ قرطبہ'، 'ذوق و شوق' اور 'ابلیس کی مجلسِ شوریٰ' کا فکری و فنی تجزیہ کیا جائے گا اور اس سلسلے میں پروفیسر اسلوب احمد انصاری، رفیع الدین ہاشمی اور دیگر ماہرینِ اقبال کے تجزیات سے استفادہ کیا جائے گا۔ اقبالیاتی کاوشوں کو سمجھنے کے لیے خلیفہ عبدالحکیم، محمد منور، یوسف حسین خان، جابر علی سید اور رفیع الدین ہاشمی کے کاوشوں کا جائزہ لیا جائے گا۔

1 فکرِ اقبال
2 تصورِ فن اور فنونِ لطیفہ
3 تصورِ قومیت و ملت
4 تصورِ خودی و بے خودی۔ مردِ مومن
5 اقبال اور محبتِ رسول
6 اقبال کا تصورِ تقدیر۔ خیر و شر
7 خطباتِ اقبال تعارف و مطالعہ
8 مسلم ثقافت کی روح کا مطالعہ
9 اقبال کی فارسی شاعری کے بنیادی مباحث اور روایت

**بنیادی متن:**

**خطباتِ اقبال۔ محمد عمر میمن اقبال اکادمی لاہور**

**اقبال ایک نئی تشکیل۔ عزیز احمد**

**مجوزہ کتب**


ڈاکٹر جاوید اقبال—زندہ رود

ڈاکٹر جاوید اقبال—اپنا گریباں چاک

ڈاکٹر افتخار احمد صدیقی—عروجِ اقبال

ڈاکٹر خلیفہ عبدالحکیم—فکرِ اقبال

رفیق خاور—اقبال کا فارسی کلام ایک مطالعہ

شیخ عطاءاللہ (مرتب)—اقبال نامہ

شہزاد احمد—فکرِ اقبال کی نئی تشکیل

ڈاکٹر محمد آصف—اقبال اور نیا نو آبادیاتی نظام



Chairman
Department of Urdu Language & Literature
University of Sargodha


CS CamScanner

**URDU-6131** **Literary Criticism-III (Applied)** **3(3-0)**

## ادبی تنقید-سوم(اطلاقی)

ادب کے معیار، موضوعات اور دیگر فکری اور فنی ادراکات کے لیے جو علمی طریقہ کار اختیار کیا جاتا ہے، عمومی زبان میں اسے تنقید کا نام دیا جاتا ہے۔ تنقید وہ بنیادی حربہ ہے، جس کی مدد سے ادب کا تجزیہ پیش کیا جاتا ہے۔ تنقید کے مختلف دبستان اپنے اپنے اصولوں کی بنیاد پر اپنا طریقہ کار وضع کرتے ہیں۔ طالب علم ابتدائی دو کورسز میں نظری تنقید کے بنیادی مباحث اور مشرق اور مغرب کی اہم تنقیدی روایت سے روشناس ہو چکے ہوتے ہیں۔ اس کورس کا مقصد پہلے سے تدریس شدہ نظری مباحث کی بنیاد پر طالب علموں کو تنقید کی عملی مشقیں کروانا ہے۔ اردو ادب کے مختلف شعری و نثری فن پاروں کی مدد سے کلاس روم میں تجزیے کروائے جائیں گے۔ اس طرح طالب علموں کے اندر بذاتِ خود کسی بھی فن پارے کے تجزیہ کرنے کی تربیت ہو گی۔ یہ کورس پروگرام کے اختتام پر طالب علموں کو عملی مشقیں فراہم کرے گا۔

اطلاقی تنقید کے بنیادی تقاضے۔

جمالیاتی مطالعات۔

جہاں ریحانہ رہتی تھی از اختر شیرانی، کیوپڈ و سائکی از نیاز فتح پوری

عمرانی مطالعات

آج بازار میں پابجولاں چلو از فیض احمد فیض، کالو بھنگی از کرشن چندر، آنگن از خدیجہ مستور

نفسیاتی مطالعات

دوزخی از عصمت چغتائی، سے کا بندھن از ممتاز مفتی

ساختیاتی مطالعہ

سمندر کا بلاوا از میرا جی

اسلوبیاتی مطالعات

مرثیہ انیس۔ از میر انیس۔ قرۃ العین حیدر کے ناولاتی اقتباس کا اسلوبیاتی تجزیہ

**بنیادی متن:**

**درج بالا تمام فن پارے بہ طور بنیادی متون شامل نصاب ہوں گے**

**مجوزہ کتب**

احتشام حسین-تنقید اور عملی تنقید

گوپی چند نارنگ-اطلاقی تنقید۔ نئے تناظر

گوپی چند نارنگ-ادبی تنقید اور اسلوبیات

میرا جی-اس نظم میں

ڈاکٹر ناصر عباس نیر-ساختیات، عملی جہات

ڈاکٹر قاضی عابد-اساطیر، کتھا، کہانی اور مابعد جدید تناظر

ڈاکٹر عامر سہیل-جدید لسانیاتی اور اسلوبیاتی تصورات

اومکار کول۔ اردو اصناف کی تدریس۔ مترجم مسعود سراج



CamScanner

URDU-6132 **Urdu Drama** 3(3-0)

اردو ڈراما

تعارف

ڈراما کہانی کی قدیم ترین اصناف میں سے ایک ہے، تحریری ادب سے پہلے بھی ڈراما اپنی عملی وجود رکھتا ہے۔ دنیا بھر کی قدیم تہذیبوں میں ڈراما کی مختلف جہات موجود ہیں۔ مغرب میں یونانی ڈراما مرکزی حیثیت رکھتا ہے۔ ہندوستان میں ڈراما، ناٹک اور رہس کی قدیم شکلوں میں رائج رہا ہے۔ اردو ڈراما اپنی اصل میں مغربی اور قدیم ہندوستانی ڈرانے کا امتزاج ہے۔ جدید دور میں ڈراما فلمائے جانے کے عمل سے گزر کر ادب کی سب سے مقبول اور اثر پذیر صنف بن چکی ہے۔ اس کورس میں ڈرامے کے فن، اہم جہات، ادبی ڈرامے، ٹیلی ڈرامے اور ڈرامے کو سوشل میڈیائی جہات کی تدریس سے طلبا و طالبات کو عملی زندگی کے لیے تیار کیا جائے گا۔ مزید برآں اردو کے ادبی اور ٹیلی ڈرامے کے معیاری نمونے براہ راست پڑھائے اور دکھائے جائیں گے۔

**مندرجات:**

**حصہ اول**

ڈرامے کا فن۔ بنیادی اجزا

مغربی ڈرامے کا فنی پس منظر اور اقسام

ہندوستانی ڈرامے کے بنیادی خدوخال۔

اردو ڈرامے کی بنیادیں۔ مغربی و ہندوستانی اجزا۔

اردو ڈرامے کا ارتقا

**حصہ دوم**

ڈرامے کی اقسام بہ لحاظ پیش کش۔

ادبی ڈراما، سٹیج ڈراما، ٹیلی ڈراما۔ ریڈیائی ڈراما

اردو کا ادبی ڈراما۔ خصوصی مطالعہ۔ انار کلی۔ رستم و سہراب۔

اردو ٹیلی ڈراما۔ تکنیک اور اہم اجزا۔ سکرپٹ، مکالمہ، ہدایت کاری

**خصوصی مطالعہ**

وارث، امجد اسلام امجد / جانگلوس، شوکت صدیقی

دروازہ، منو بھائی / ذرا سی عورت، نورالہدیٰ شاہ

دادا اور دلدادہ، اشفاق احمد / گھر سے گھر تک، احمد ندیم قاسمی

ٹیلی ڈرامے کی معاصر جہات (تعارفی مطالعہ)

فلم، مختصر فلم، ویب سیرز

**بنیادی متن:**

درج بالا تمام کتب اور ڈرامے نصاب کا حصہ ہیں۔

**مجوزہ کتب:**

سید وقار عظیم-اردو ڈرامہ تنقیدی و تجزیاتی مطالعہ

ڈاکٹر اسلم قریشی-بر صغیر کا ڈراما

ڈاکٹر اسلم قریشی-ڈرامے کا تاریخی اور تنقیدی پس منظر

پروفیسر عبدالسلام-فن ڈراما نگاری اور انار کلی

ڈاکٹر سلیم ملک-امتیاز علی تاج: شخصیت اور فن

عشرت رحمانی-اردو ڈراما کا ارتقا

عشرت رحمانی-اردو ڈراما: تاریخ و تنقید

اعجاز حسین-ادبی ڈراما

سید وقار عظیم-اردو ڈراما فن اور منزلیں

سید مسعود حسین رضوی-اردو ڈراما اور سٹیج

ڈاکٹر اے بی اشرف-اردو سٹیج ڈراما کی مکمل تاریخ

CamScanner

**URDU-6133** | **Urdu Poetry in 21st Century** | **3(3-0)**

## اکیسویں صدی میں اردو شاعری

اکیسویں صدی عیسوی اپنے سیاسی معاشرتی صورت حال، افغان جنگ کے بعد بدلتی پاکستانی صورت حال اور 11/9 کے حملوں کے سبب سے کئی حوالوں سے انسانی عہد کا خاص زمانہ ہے۔اکیسویں صدی کے پیہم بدلتے سیاسی، سماجی، معاشی، تہذیبی، مذہبی اور ثقافتی حالات و واقعات سے نئی نسل کا آگاہ ہونا ضروری ہے۔ہمارا یہ نصاب طالب علموں کو اکیسویں صدی کے مختلف رویوں، انسانی جذبے اور احساس کی متفرق کار فرمائی کو سمجھنے میں مددگار ہے۔اس مطالعے سے نئی نسل کو ان اہم تاریخی، سیاسی واقعات اور رویوں سے روشناس کرنا ہے۔جو یکایک ظہور پذیر ہوے اور پھر پورے عالم کے ساتھ ساتھ اردو دنیا کی سیاسی، معاشی، سماجی، معاشرتی اور ادبی منظرنامے کو متاثر کرتے چلے گئے۔ان نئے فکری جذباتی اور سائنسی حالات سے ادبی اور فنی تناظر سے آشنائی اس نصاب کے تحت طالب علموں کے فکر و خیال کو جلا بخشے گی۔اس حوالے سے ابتداء میں اکیسویں صدی میں رونما ہونے والے اہم واقعات جیسے پانچویں مرحلے کی عالمی سرد جنگ، افغان جنگ، امریکی 11/9 نے بین الاقوامی سطح پر انسان اور اس کے مظاہر پر اثرات مرتب کیے۔

اس کے بعد بالترتیب اکیسویں صدی کی اردو غزل اور اکیسویں صدی کی اردو نظم کی روایت کا مطالعہ کیا جائے گا۔

مندرجات۔

1-اکیسویں صدی کا سیاسی، معاشرتی، معاشی پس منظر

2-ہیئتی شاعری کا آئندہ پڑاو

اکیسویں صدی میں اردو غزل کی روایت

**مطالعہ خصوصی:**

محبوب خزاں، ظفر اقبال، عرفان صدیقی، افتخار عارف، خورشید رضوی، نصیر ترابی، اظہار الحق، سلیم کوثر، عباس تابش، زہرا نگاہ

اکیسویں صدی میں اردو نظم کی روایت:-

**خصوصی مطالعہ:**

محمد سلیم الرحمن، آفتاب اقبال شمیم، سعادت سعید، نصیر احمد ناصر، وحید احمد، انوار فطرت، فہمیدہ ریاض، ثمینہ راجہ،

اکیسویں صدی میں نثری نظم کی روایت:-

**خصوصی مطالعہ:**

ڈاکٹر تبسم کاشمیری، افضال احمد سید، صلاح الدین پرویز، عذرا عباس

**بنیادی متن:**

۱-سبب تلاش نہ کر بس یونہی ہے یہ دنیا

۲-دیکھ دریا ہے کنارے کو سنبھال (محبوب خزاں)

۳-تھکنا بھی لازمی تھا کچھ کام کرتے کرتے

۴-کھڑکیاں کس طرح کی ہیں اور در کیسا ہے وہ (ظفر اقبال)

۵-بدن میں لہو جیسے تازیانہ ہو گیا ہے

۶-دونوں اپنے کام کے ماہر دونوں بڑے ذہین (عرفان صدیقی)

۷- وہی پیاس ہے وہی دشت ہے وہی گھرانا ہے

۸-کہاں کے نام و نسب علم کیا فضیلت کیا (افتخار عارف)

۹-میں سوچتا تھا کہ وہ زخم بھر گیا کہ نہیں

۱۰-وہ جو ننگ تھے، وہ جو نام تھے مجھے کھا گئے (خورشید رضوی)

۱۱-انجیلِ رفتگاں کی حدیثوں کے ساتھ ہوں

۱۲- مریم وقت نہ اعجازِ مسیحائی ہے (نصیر ترابی)

۱۳-کہانی لکھتے کوئے داستان سناتے ہوئے

۱۴-تم نے سچ بولنے کی جرات کی (سلیم کوثر)

۱۵- دشت میں پیاس بجھاتے ہوئے مر جاتے ہیں

۱۶- پانی آنکھ میں بھر کر لایا جا سکتا ہے (عباس تابش)

۱۷-وجود پر انحصار میں نے نہیں کیا تھا

۱۸-جو ہے تار تار اسی کلاہ میں جائیں گے (اظہار الحق)

۱۹-یہ سچ ہے یہاں شور زیادہ نہیں ہوتا

۲۰-رونقیں اب بھی کواڑوں میں چھپی لگتی ہیں (زہرا نگاہ)

۱-خواب کا درخت، شہر اور زنجیر (محمد سلیم الرحمن)

۲-زید سے مکالمہ، زمانہ بازار بن گیا ہے (آفتاب اقبال شمیم)

۳- پھٹا ہوا بادبان، کالج نامہ ۵ (عبدالرشید)

۴-بدن دریدہ، انقلابی عورت (فہمیدہ ریاض)

۵-تابوت میں بند حواس، اپنی محرومی کا دکھ (سعادت سعید)

۶- زندہ ہوں، دلِ لیلیٰ (ثمینہ راجہ)

۷-ہم شاعر ہوتے ہیں، خود رو دلیلیں (وحید احمد)

۸-مسیحا فریبی زمانہ، آبِ قدیم کے ساحلوں پر (انوار فطرت)

۱- زوال کی آخری ہچکیاں، اُس روز تم کہاں تھے (تبسم کاشمیری)
۲- پھاگن، پہلی نظم (صلاح الدین پرویز)
۳- مٹی کی کان، فیصلہ (افضال احمد)
۴-ٹکڑوں میں بٹی ہوئی زندگی، مجھے تقسیم کردو (عذرا عباس)

مجوزہ کتب:

ڈاکٹر انور صابر-پاکستان میں اُردو غزل کا ارتقاء
ڈاکٹر شہپر رسول-جدید اردو غزل میں پیکر تراشی
ڈاکٹر طارق ہاشمی-اردو غزل، نئی تشکیل
ڈاکٹر عقیل احمد صدیقی- جدید اردو نظم
ڈاکٹر عمران ازفر-نئی نظم نئی تخلیقی جہت
ڈاکٹر حنیف کیفی-اردو میں نظم معرا اور آزاد نظم
ڈاکٹر مخدوم منور-نثری نظم کی تحریک
ڈاکٹر فخر الحق نوری-نثری نظم
ارشد محمود ناشاد-اردو غزل کا تکنیکی، ہیتی اور عروضی سفر

CamScanner

**URDU-6134** **Feminist Study of Urdu Literature** **(3-0)**

## اردو ادب کا تانیثی مطالعہ

جدید سماج نے جہاں معاشی اور سماجی افعال کے مختلف دھاروں کو متاثر کیا وہیں اس نے انسانی حیات کو صنف (Gender) کی سطح پر بھی نئے زاویہ نگاہ سے دیکھنے کی ترغیب دی۔ اس فکری عمل میں معاشرے کو دو حصوں مرد بنیاد اور عورت بنیاد میں تقسیم کیا گیا اور یہ دعوی کیا گیا کہ انسانی معاشرہ گذشتہ کی صدیوں سے عورت اور مرد کے کردار کو امتیازی اصولوں پر عمل میں لاتا ہے۔ جس کے تحت عورت کو کم تر سمجھا جاتا ہے جو گھر کی چار دیواری میں ہی رہنی چاہیے۔ اس پر مرد حاکم ہے اور اسی اصول پر موجود معاشرے کو پدر سری کہا جاتا ہے۔ ہمارا یہ نصاب جدید ادبی اور سیاسی تحریک تانیثیہ (Feminisim) کے اصولوں اور مباحث کی روشنی میں عورت اور مرد کے معاشرتی کردار کو زیر بحث لائے گا۔ یہ فکر مغرب سے اردو دنیا میں آئی جس کا ماخذ سمعون دی بوار کی کتاب (The Second Sex) کو قرار دیا جاتا ہے۔ اردو ادب میں میراجی، سعادت حسن منٹو، فہمیدہ ریاض، سارا شگفتہ، کشور ناہید، ثمینہ راجا، خالدہ حسین سمیت کئی نمائندہ ادیب نے اس موضوع پر کھل کر لکھا ہے۔ یہی سبب ہے کہ ادب کا تانیثی مطالعہ دنیا بھر میں مکمل نصاب کی صورت اختیار رچکا ہے۔ اس نصاب کے ذریعے اردو ادب کے طالب علموں کو تانیثیت کی تحریک کے تعارف، دائرہ کار، حدود، امکانات سے آگاہ کیا جائے گا اور اس کے حق میں اور مخالف لکھنے والوں کا تعارف پیش کیا جائے گا۔

1۔ تانیثیت: مبادیات وارتقا

2۔ تانیثیت: سیاسی وسماجی، معاشی، علمی وادبی تناظر

3۔۔اردو فکشن میں تانیثیت:

1۔خالدہ حسین: مصروف عورت 2۔زاہدہ حنا: پانیوں میں سراب 3۔منٹو: ہتک

4۔اردو شاعری میں تانیثیت

1۔فہمیدہ ریاض: بدن دریدہ 2۔کشور ناہید: ہم گناہ گار عورتیں 3۔میراجی: مجھے گھر یاد آتا ہے

5۔۔غیر افسانوی نثر میں تانیثیت:

نورالہدیٰ شاہ: آدم، حوا اور شیطان (ٹیلی ڈراما) سارا شگفتہ: ایک تھی سارا (آپ بیتی)

**بنیادی متن:**

**درج بالا تمام متون نصاب کا حصہ ہیں۔**

**مجوزہ کتب:**

فہمیدہ ریاض-ادب کی نسائی رد تشکیل

فاطمہ حسن (مرتبہ)-فیمنزم اور ہم

فاطمہ حسن (مرتبہ)-خاموشی کی آواز

عتیق اللہ-بیسویں صدی میں خواتین کا اردو ادب

ڈاکٹر عظمیٰ فرحان-اردو ادب میں نسائی تنقید-روایت، مسایل اور مباحث

زاہدہ حنا-عورت زندگی کا زندان

## URDU-6135 — Translations of World Literature in Urdu — 3(3-0)

### اردو میں عالمی ادب کے تراجم

ادب انسانی زندگی کا لازم جزو ہے۔ سماج قدیم ہو یا جدید، مشرقی ہو یا مغربی، ادب ہر زمانے و سماج میں انسانی دانش کا نمائندہ رہا ہے۔ اردو ادب کے ساتھ ساتھ عالمی ادب کے تراجم کی تدریس سے طلباو طالبات کو براہ راست مشرق و مغرب کی دیگر زبانوں کے اہم ادبی فن پاروں سے شناسائی ہو گی، اس تفہیم میں دیگر زبانوں سے تراجم کے طریقہ کار اور دیگر بنیادی امور سے بھی آگاہی ہو گی یوں اردو ادب کا طالب علم عالمی ادب کے مختلف منظر ناموں سے واقفیت حاصل کرے گا۔

**1۔ فن ترجمہ نگاری: بنیادی مباحث**

**2۔ اردو میں عالمی تراجم کی روایت**

**3۔ منتخب شاعری:**

کالی داس-شکنتلا

مولانا روم-مثنوی معنوی (ابتدائی دو دفتر)

پابلو نرودا-خاموش موت

**4۔ منتخب ناول:**

البرٹ کامیو، اجنبی

جارج آرویل، اینمل فارم

نجیب محفوظ، آبِ نیل پر آوارگی

ہرمن ہیسے، سدھارتھ

**5۔ منتخب افسانے:**

چیخوف-جہانِ دیدہ

کافکا-کایا کلپ

موپساں-ایک عجیب تصور

**بنیادی متن:**

**درج بالا تمام متون نصاب کا حصہ ہیں۔**

**مجوزہ کتب:**

نثار احمد قریشی-ترجمہ، روایت اور فن

ڈاکٹر خلیق انجم-فن ترجمہ نگاری

ڈاکٹر محمد حسن-مغربی تصانیف کے اردو تراجم

خالد محمود خان-فن ترجمہ نگاری: نظریات

مرزا حامد بیگ-مغرب سے نثری تراجم

ڈاکٹر ابو بکر فاروقی-کامیو مترجم

لیاقت رضا جعفری-محبت کا ایک دور اور دوسری کہانیاں

ریاض الحق علیگ-آئینے

ایم خالد فیاض-متن، قرات، نتائج

**URDU-6136** **Thesis/Project (Capstone Project)** **3(3-0)**

پروجیکٹ / مقالہ

اس کورس کی تحت طلباوطالبات کو شعبے کی طرف سے نگران تفویض کیے جاییں گے جن کی زیرِ نگرانی طلباوطالبات ستر سے سو صفحات پر مشتمل مقالہ یاپروجیکٹ تیار کریں گے جس کا امتحان بیرونی ممتحن لے گا اور مارکنگ کرے گا۔

## URDU-6137 Linguistics and Modern Literary Criticism 3(3-0)

### لسانیات اور جدید ادبی تنقید

لسانیات اور جدید ادبی تنقید کا نصاب طالب علموں کو میقات ہشتم میں پڑھایا جائے گا۔اس مرحلے پر لسانیاتی مطالعات کے تسلسل میں چوتھے پڑاو پر لسانیاتی نظریات کے تحت ہونے والے عملی تنقید سے طالب علموں کو روشناس کرایا جائے گا۔یہ نصاب اطلاقی لسانیات کی تعریف حدود اور امکانات کو واضح کرے گا۔اس عمل میں سماجی لسانیات کے مختلف عناصر کو سمجھنے کی کاوش کی جائے گی۔لسانیات کے موضوع میں ثانوی زبان ایک خاص علمی مرتبے کی حامل ہوتی ہے۔اس کورس میں ہم ثانوی زبان کی تحصیل کے مختلف مدارج کو بیان کیا جائے گا۔ادبی تنقید کے لسانیاتی ماخذ اور ان کی اطلاقی صورت حال اس نصاب کا مرکزی جوہر ہے۔جس سے اگے بڑھتے ہوئے ساختیات کے بنیادی مباحث کو بیان کیا جائے گا۔لسانیاتی ساختیات کے نمائندہ مفکرین کے تعارف کے ساتھ اسلوبیاتی لسانیات کا بالخصوص مطالعہ کیا جائے گا۔اسلوبیاتی لسانیات متن کو جدید خطوط پر پرکھنے کا جدید نظام ہے جو تخلیقی اور غیر تخلیقی متون کی بازیافت میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔

اس کے علاوہ نمائندہ لسانیاتی اصطلاحات کا مطالعہ کیا جائے گا تاکہ طالب علموں کو لسانیات، ساختیات اور اسلوبیات کی نمائندہ اصطلاحات سے روشناس کرایا جائے۔

1. اطلاقی لسانیات تعارف، حدود اور دائرہ عمل
2. سماجی لسانیات تعارف، حدود اور دائرہ عمل
3. ثانوی زبان کی تحصیل (Second Language Acquisition)
4. تدریس زبان اردو (Language Pedagogy)
5. ادبی تنقید کے لسانیاتی ماخذات
6. ساختیاتی تنقید: بنیادی مباحث اور مفکرین
7. اسلوبیاتی تنقید: بنیادی مباحث اور مفکرین
8. منتخب اصطلاحات

Dialect, pidgin, creole, Code Switching, Code Mixing, Sign, Signifier, Signified, Langue, Parole, Poetics, Sound Cultural Box

**بنیادی متن:**

**مرزا خلیل احمد بیگ، اطلاقی لسانیات**

**مجوزہ کتب**


ڈاکٹر گوپی چند نارنگ - ادبی تنقید اور اسلوبیات

ڈاکٹر گوپی چند نارنگ - ساختیات، پس ساختیات اور مشرقی شعریات

ڈاکٹر وزیر آغا - ساختیات اور سائنس

ڈاکٹر ناصر عباس نیر - ساختیات، ایک تعارف (مرتبہ)

ڈاکٹر ناصر عباس نیر - لسانیات اور جدید تنقید

مرزا خلیل احمد بیگ - زبان، اسلوب اور اسلوبیات

طارق سعید - اسلوب اور اسلوبیات

ڈاکٹر قاضی افضال حسین - تحریر اساس تنقید

ڈاکٹر قاضی عابد: مرتبت - توازن کی نئی جہات

ڈاکٹر قاسم بگھیو - لسانیات تا سماجی لسانیات